

NAIYA DAUR

by

Dr. Teja Singh

Foreword

Dr Teja Singh's collection of poems, Naiya Daur (The Modern Era), is now ready for us to enjoy. A work of human creativity and artistic endeavour is always a part of the common heritage of humankind. The poems in this book will easily enamour anyone who sets a high premium on poetry as a manifestation of beauty and aesthetics as well as a medium of social and moral statement. I feel honoured to write the foreword as I share with the author many moral and political ideals and indeed cultural roots: humanism, cosmopolitanism, peace and Punjabiyat.

Poets are born; non-poets can take a course in poetry writing and become rhymesters but the authentic poet is always identifiable because of the originality and novelty of his thought and the elegance of his composition. I am an essayist and know how often I have wanted to write poetry to say things in a few words and with the help of powerful imagery and symbols. But I have to take recourse to prose and find my way forward with long sentences and many of them.

Teja Singh is a Punjabi through and through, but his poetic musings embrace the whole of humankind. This connection between the local and the global is mediated from the many places he has travelled to, although he dutifully wanders in his thoughts in the Punjab of once-upon-a-time. Nostalgia and sentimentality about the Punjab and India permeate several of his poems but the author is also a citizen of the world and he wants to play an active role in shaping it to be a safe and joyful place for all of us.

The diasporic experience can prove to be a vantage point if we are able to relate and feel and function in a variety of diverse situations, real and imaginary, and yet remain coherent as human beings. But it can prove to be a source of great agony and anguish if we are torn between loyalty to the original homeland and the actual homeland. Some people, unable to cope with such variations, begin writing verses full of self-pity and self-righteousness.

This is not Teja Singh's attitude. As a citizen of the whole world, he is at home wherever he is. Although his poems lament on what was left behind, he uses the vision provided by his new environment to project a positive perspective. He surely belongs to the class of poets who are also social philosophers and want to change the world in the light of their moral convictions; in short; he is a poet with a purpose. In this regard, I would place him in the tradition of Iqbal, Faiz and Sahir. Those great masters were committed to utopias of one sort or another and one may or may not agree with them, but nobody can deny that they composed poetry within a tinge of millenarianism.

The poet mellows down that utopianism by acknowledging that human beings are imperfect and therefore they cannot be expected to create perfection. Consequently utopianism gives way to idealism in his thought-process. The difference between utopianism and idealism is that the former requires a commitment to a detailed programme of social engineering while idealism simply means a search for best solutions without any pretence of knowing what the best solution is.

Herein we find the teachings of the Sikh Gurus inspiring wisdom in the author that is very different from the chiliasm that pervades Islamic and Marxist eschatology. The Gurus accepted the inevitability of pluralism and diversity and taught that humanity was indivisible even when it was grouped into religious communities and nations. Most classically the fact that one of the steadfast and constant companions of Guru Nanak on his many sojourns, the Muslim bard, Bhai Mardana, remained a Muslim and never felt obliged to change his religion epitomizes the sui generis nature of the teachings of the Gurus. Several poems that the poet dedicates to his spiritual guides, the ten Gurus of orthodox Sikhs, are testimony of his profound spiritual indebtedness to their services to humankind, including resistance to tyranny.

It is however important to note that the teachings of the Gurus, which came to be known as Sikhism, could not escape institutionalization and dogmatization. Perhaps such a process is inevitable when a social movement begins to resemble a community of believers who feel they need to establish their distinct identity. The result is that rites and rituals become more important as they are easy to observe, while the pristine thought slips into the background. Such developments are complicated further when politics and power games enter the scene. It is therefore important that thinkers and poets go back to the original ideas. The poems in the present collection are infused with the original humanism of Sikhism and therefore touch the heart so tenderly.

Teja Singh writes in Urdu as well as in Punjabi and poems in both the languages are present in the book. In a historical-cultural sense that is important to keep in mind, because he represents a Punjab which is no more.

The generation of Hindus and Sikhs who could read and write in Urdu is now on its way out but not yet. On the other hand, in Pakistan very few people are in the habit of reading and writing Punjabi in the Persian or Urdu script. To find someone who can read and write Punjabi in Gurmukhi is a rarity altogether. Therefore the author also has one poem lamenting the partition of the Punjab in this collection of his select poems.

In short, we have to celebrate the publication of this collection of poems because it is a contribution to the multifarious Punjabi identity which is simultaneously in harmony with a global humanity.

May 2, 2007

Dr. Ishtiaq Ahmed

Professor

Department of Political Science

Stockholm University.

میں تو اک شاعر تمہارا، سب کو ہو میرا سلام
سخن گوئے بزمِ انساں، با ادب، با احترام

نیا دور

آ کہ نئی دنیا کی تعمیر کا آغاز کریں
اک حسیں خواب کی تعبیر کا آغاز کریں
نوعِ انسان کی بہبود ہو جس کے دم سے
اس نئے دور کی تدبیر کا آغاز کریں

تعمیر

اے خدا تو ہم کو ایسا جذبۂ تعمیر دے
حل ہوں جس سے سارے عقدے وہ کوئی تدبیر دے
پھر تلاشِ حق ہماری منزلِ مقصود ہو
کر عطا حسنِ بیاں اور قوتِ تحریر دے

کارواں

گردشِ دوراں میں کب تک زندگی کا کارواں
بن کے اک موجِ تلاطم، بحرِ دنیا میں رواں
زندگانی کی کشاکش بھول جا اے ہمنشیں
ہے یہاں موسم حسیں بھی، اور ہے شب بھی جواں

دعا

(ماخوذ ازگُرو ارجن)

تو خدا مالک ہمارا آپ سے عارض ہیں ہم
ہیں میسر آپ کی بخشش سے یہ روح و جسم
ہم تو ہیں بچے تمہارے آپ ہو مادر پدر
آپ کی بخشش سے راحت اور نعمت بیش تر
کون جانے ہے کہاں تک تیری حدِ کائنات
ہے بلندوں سے بلند تر، سب سے اونچی تیری ذات
تیر دھاگے میں بندھاہے ساری دنیا کا نظام
جس طرح چاہے تیری مرضی سے ہوتا سارا کام
ہے خبر داری تجھی کی ساری دنیا کو خدا
میں تو اک چاکر تمہارا جان و دل سے ہوں فدا

ہندوستاں

یاد تیری دل میں تازہ اب بھی ہے ہندوستاں
پھر سے چمکے اس جہاں میں تیری عظمت کا نشاں
تیری رگ رگ میں رواں ہے ان شہیدوں کا لہو
جن کے دم سے آج ہے سارے وطن کی آبرو
تیرے کھیتوں میں اُگے جی بھر کے جنتا کا اناج
تیری محنت سے نہ ہو کوئی کسی کا محتاج
تیرے بچوں کو ہوں حاصل اس جگہ نعمت ہزار
رحمتِ حق سے ہو سب پر تیری بخشش بے شمار
علم کی دولت سے مالا مال ہوں سارے بشر
راہ ترقی کی ہے اس پر چلیں سب بے خطر
اِن امنگوں سے چمن ہر دم تیرا آباد ہو
مفلسی، لاچارگی سے ہر نفس آزاد ہو

پیامِ نانک

ستگرو نانک تیرا ربّی
کلام اور ہے
مانگنا سب کا بھلا ، تیرا پیام ادر ہے
خالقِ دُنیا ہے ایک ،ایک ہی انسان ہم
چھوڑ دو جھگڑے بھی،چند روز کے مہمان ہم،
کِرت کرنا،نام جپنا، سکھادیا عوام کو
دوسروں میں بانٹ کر کھانا تمہارا کام ہو
یاد اُس مالک کو رکھو دِل میں اپنے رات دِن
اپنے ہاتھوں کی کمائی کے وسیلے رات دِن،
تھا ربابی مسلماں، تیرا رفیقِ کُل حیات
تیری تعلیمات سے مِٹ گئے سب اختلاف،

ایک مذہب دوسرے مذہب کا بیری کب تلک؟
ایک ہی دہرتی ہماری، سب شریکِ یک فلک،
کرتار پور نگری میں تو نے کرلیا اپنا مقام
ہندو، مسلم، بن گئے ترے مشیر، ترے غلام،
بیکس ولاچار پر تیری بخشش ہو گئی
محفلِ انسان ویراں، پھر سے دِلکش ہوگئی،
اَب اُٹھے آخر صدا توحید کی پنجاب سے
ہند، پاکستان، کو پھر سے جگا دو خواب سے،
مدتوں بکھرے سبھی لاچارگی، بن باس میں
منسلک کر دو ہمیں پھر رشتۂ اِخلاص میں،
قوم اور مذہبی جنوں سے کر دو بالا ستگرُو
تیج کی یہ اِلتجا، کر دو اُجالا ستگرُو

شملہ

اک زمانہ تھا یہاں پر بھی فرنگی کا عروج
دامنِ کوہسار ہر جا خارجی سرکار تھی
عہدِکہنہ کا تسلطّ سب پہ طاری ہر طرف
ہر طرف زنجیرِ پا کی دائی جھنکار تھی
قوم کی تقدیر کے ہوتے یہاں تھے فیصلے
ملک کی تقسیم فوری اِس جگہ تیار تھی
چیر ڈالا سب نے مل کر اپنا قومی پیر ہن
راہبرانِ ہند میں ہر وقت ہی تقرار تھی
گو مقدر کا گلہ مجھ کو بھی ہے میرے وطن
اپنی غفلت سے ہی کھویا ہم نے تھا اپنا چمن

وصل

زندگی پھر شادماں ہوجائے گی
نو بہار ہر اک خزاں ہو جائے گی
پھر مٹا کر یاس و ناکامی تمام
ہر مشقت کامراں ہو جائے گی
فتنہ گر کیونکر رہیں سالارِ دیں
تنگ نظری بے نشاں ہوجائے گی
وصل کے وعدوں کی ہو تکمیل اب
ورنہ اُلفت بد گماں ہوجائے گی

غزل

تیرے آنے سے ہوئی میرے دل میں روشنائی
بزم کی رونق بڑھی، ہوگئی سب سے آشنائی
ساغر و مینا ہیں خوش مئے گلگوں دیکھ کر
ویراں میکدہ میں ہے پھر سے اب بہار آئی
تری جواں ساحری سے خوش گوار ہوئی فضا
جیسے مسیحائی سے ہے بیمار نے شفا پائی
زاہد سے پوچھو ذرا اُس کی ہے جنت کہاں؟
جس جاہ ہوئی تُو ہم نشیں ،تیج کی جنت وہاں

تضمین برشعرِ ساحر

فساد و جنوں سے بھرا سب جہاں
خود جیو جینے دو، کی روایت کہاں؟

ہے فتنہ گری ہر طرف سے بڑھی
ہر جگہ نسلِ انساں کی غارت گری

خدا، بے گناہوں پہ کر تُو کرم
رہیں شانتی میں یہ دیر و حرم

تشدد کرے جو اُسے روک دو
''مجھ کو امن اور تہذیب کی بھیک دو''

گُرو ارجن

ستگُرو ارجن تیری رُوحانیت تھی بے مثال
روحانی فطرت میں تری سارے انساں ایک تھے
حق شناسی سے تری، ہندو مسلماں ایک تھے
تُو نے فرمایا کہ سب دھرموں میں اچھا وہ دھرم
جس سے ہو یادِ خدا اور نیک ہوں اپنے کرم
تو نے بتلایا کہ انساں وہ ہے سب سے برتریں
جو کہے کہ میں تو ہوں سارے جہاں میں کم تریں
سارے دین و دھرم کا پیغام سب ہے ایک سا
شری گروگرنتھ جی ضامن تیری تحریر کا
شرف بخشا تُو نے یکساں صوفی و فقیر کو

ہم نشیں رُتبہ دیا فرید کو، کبیر کو
سنگِ بنیادی رکھایا تُو نے میاں میر سے
راہِ دیں روشن کیا اِک بے مثل تدبیر سے
سکھ منی، تیرا کلام، امن کا پیام ہو
وہ جگہ سب سے بڑی جس دل میں اُس کا نام ہو
سارے انسانوں کی دھرتی ایک ہے، تیرا پیام
ہے بلندوں سے بلند تر ستگُرو تیرا مقام
جامِ شہادت پی لیا انسان کی تعمیر کو
ستگُرو ارجن تیری روحانیت ہے بے مثال

دورِ حاضر

عشق کی پیچیدگی مدت سے تھی اپنی میراث
اب تو انسانی محبت کی کہانی اور ہے
راہ و رسمِ عاشقی کے اور ہی انداز اب
دورِ حاضر لیلا و مجنوں نے ٹھانی اور ہے
عاشق و معشوق کی لاچارگی ہے بے سبب
تنگِ پیری تھی کبھی جو، وہ جوانی اور ہے
ہیں کلیسا اور مے خانہ شہر میں ساتھ ساتھ
کافری کچھ اور اب، مسلمانی اور ہے
واعظ و پندار کے قصے پرانے ہوچکے
حاصلِ حیات اب ان کی زبانی اور ہے

الفتِ انسان کے ہیں سارے جہاں میں تذکرے
سوز و غم کچھ اور ہیں، دردِ نہانی اور ہے
زندگی ہر موڑ پر رُکنے کے ہم قائل نہیں
بے دھڑک چلنے کی رسم کامرانی اور ہے
جامِ سفالی تو اب جامِ جم ہیں بن چکے
بادہ نوشی کا طلسم جاودانی اور ہے
جبر و تشدد سے اب چلتے نہیں کارِ جہاں
پیار سے؟ ہاں اس کی دل پہ حکمرانی اور ہے
منظورِ حق ہونے کا دعوی پیشہ سالارِ دیں
پیارا جو خلق و خدا اُس کی نشانی اور ہے
طور و اطوارِ جہاں سب کے سب بدلے گئے
تیج اب تو سخن گوئی، غزل خوانی اور ہے

باغِ شفا
(گُرو نانک کے نام پر کنیڈا میں)

ستگُرو و نانک تیری بخشش ہے ہم پہ بے مثال
باغِ شفا اس نئی دنیا میں بنا تیرا کمال

زندگی انسان کی ملبوس ہے دکھ درد سے
تندرُستی کے لئے روحانیت کی مدد لے

انسانیت، روحانیت، دونوں ہیں رہتے ایک ساتھ
مہرباں پروردگار، سب کی شفا میں تیرا ہاتھ

تیری بخشش

زندگی تیری امانت، نعمتیں تیری ہزار
رنج و غم گو ہیں عمر بھر ، تیرے ہم شکر گزار

تو خدا ئے کل خلق، مالک بحر و زمیں
تیری بخشش، تیری رحمت ، بے مثال و پر یقیں

ہو نوازش سے تیری دنیا میں پھر امن واماں
سب رہیں شفقت تیری سے خوش نصیب و بے زیاں

تیری حکمت سے رواں، سارا نظامِ کائنات
تجھ پر برکت تیری، اے کامرانِ مُشکلات

ثمر

زندگی اپنی ہے جانے کب تلک؟
کون جانے کل کے آنے کی خبر؟

جنت و دوزخ ہے یہی دنیا تیری
اچھے اعمالوں سے لے اچھا ثمر

اخوت

اخوتِ انساں کہاں؟ جینا ہوا دشوار کیوں؟
ناخدا بن قوم کے، قوم ہے بیزار کیوں؟
غربت و افلاس میں ہرسُو پریشاں زندگی
پھر حکومت کے نشہ میں اس طرح سرشار کیوں؟

گرو تیغ بہادر

تیغ کے ہو کر دھنی، پر امن تھا تیرا پیام
ہند کی چادر بنا قربانی دے کر تیرا نام
تو نے بتلایا کے ایماں، ذاتی حق انسان کا
بے گناہوں پر ستم، کام ہے شیطان کا
تخت کی زینت بنو جب نام اورنگ زیب ہو
قید کر کے اپنا باپ کیوں خوش نما فریب ہو
حکمرانی،بدگمانی، کے نشہ میں چور کیوں
اپنے بھائیوں کا قتل کرنے پہ مجبور کیوں

پاکیزگی کی آڑ میں اے شہنشاہ   تو فتنہ گر
سارے انساں ایک ہیں ، اس راز سے تو بے خبر
حق ہوئے انسان کے تیری شہادت سے بلند
ستگر و حکمت تری نانک کے گھر کی کار مند
ساری کائنات کا پروردگار ایک ہے
دیر و حرم ایک ہیں، سب کا خدا ایک ہے

والدِ محترم کی یاد میں

زندگی تیری سراپا داستانِ التفات
زندگی میری کو حاصل تجھ سے تھا درسِ حیات
تو مجسم پیکرِ الفتِ پدرانہ تھا
تیری انسانی روش میں کوئی نہ بیگانہ تھا
راہنمائی سے تیری یہ زندگی ہے کامراں
ہے بلندوں سے بلند تر ان امنگوں کا نشاں
تیری شفقت سے اگر محروم دنیا ہے میری
روشن و پُرتاب ہے قندیلِ راہ اب بھی تیری

خزاں

پت جھڑ کا موسم آ گیا، رنگیں ہوئے سارے شجر
خوشگوار موسم ہُوا، لیکن یہاں کچھ مختصر
ابر آلودہ ہُوا جو نیلگوں تھا آسماں
ہونے لگیں راتیں دراز، نہ جانے آئے کب سحر؟
رنگینئی شباب کے کچھ اور ہی انداز تھے
ساغر و مینا وہی، مدت سے تیرے منتظر
وصل کے وعدوں سے ہے دل ابھی گداز اب
کوئی بتلائے ہمیں ان کے آنے کی خبر
تیج افسردہ نہ ہو، محفلِ اغیار میں
اب بھی رقیب سے بڑا جب بھی ہوا تیرا ذکر

والدہ مرحومہ

تیری بخشش مدتوں سے اب بھی میرے دل میں ہے
تیری شفقت کی نشانی میری ہر محفل میں ہے
آشکار تُو نے کیا تھا مجھ پہ رازِ زندگی
یاد اُس مالک کو رکھو دن رات، وقتِ بندگی
رنگ و ملت سے نہیں کرنا کسی کا اِمتیاز
عمر بھر کی کشمکش میں ہر حیات پُر سوزوساز
ہوں رُوحانی پرورش تیری سے میں مشکُور اب
راہنمای سے تری، رعنائی دستور سب
تیج ہے تیری دعا میں دل و جاں سے مشترک
ایکتا انسان کی ہو، اے خدائے یک فلک

گستاخ

تیری معصوم اداؤں پہ جیا کرتا ہوں
گر ہوں گستاخ، یہی عرضِ کیا کرتا ہوں
اپنی سر مست نگاہوں سے پلاؤ ساقی
ساغر و مینا سے ہر روز پیا کرتا ہوں

پنجاب کے راہی سے

ہو مبارک وطن جانے کی، مگر
کون تیرا ہم پیالہ، ہم نوالہ، ہم سفر؟
دیش اپنا تاعمر بھر پنجاب تھا
بے وطن ہو کے ہیں رہتے بے صبر
دھرتی وہ سر سبز اور شاداب اب
تیج کے دِل کی دعاؤں کا اثر

دِل

دے خُدا وہ دل ہمیں خدمتِ میں جو مسرور ہو
کر عطا وہ نظریہ تاریکی جس سے دور ہو
رشتۂ اخلاص میں تو ساری دُنیا باندھ دے
ہر جگہ تیرا اُجالا سب میں تیرا نور ہو

ہمالہ

اے ہمالہ سب جہاں میں تیرے پربت برتریں
وادیٔ کُلو، منالی اس قدر دل کش حسیں

چوٹیاں رفعت میں تیری تا فلک ہیں سربُلند
کوہ پر قوسِ قزح اک دھیمی ست رنگی کمند

کھیلتی ہیں گود میں تیری ندیاں رات دن
یوں شجر چپ کر کھڑے جیسے بھگتی میں مگن

برف کی پوشاک پہنے، سینہ تانے، کوہسار
بے خطر بلندیوں سے کودتی ہیں آبشار

بیاس اک ننھی سی دھارا، جاوداں و کامراں
گنگناتی جارہی ہے بن کے میرِ کارواں

کھیتیاں سرسبز اور شاداب تیرے لالہ زار
تیرے دامن میں جواں ہے رونقِ لیل و نہار

سر زمیں تیری ہمالہ اس قدر دل کش حسیں
گر کوئی جنّت یہاں تو وہ یہاں کی ہے مکیں

چین و جاپان

چین اور جاپان نے ہر شے میں ہے پایا کمال
جو بناتے تھے کھلونے اب ہوئے وہ بے مثال
مغربی املاک سے لے کے اسرارِ مشیں
پختہ تر کرتے رہے اپنے کردارِ یقیں
محنتِ پیہم سے ہوتی روشن ہے سب کی حیات
انساں کی تخلیقات سے بہتر ہے ساری کائنات

لاس ویگس

سازو نغمہ، رونقِ حورانِ مستی، کو ہسار
کاوشِ انساں سے ہے صحرا میں جنت سی بہار
یہ حسیں وادی، یہ دلکش آرزوں کا سماں
ہے بتانِ ناز کے اطوار سے دل بے اختیار
جیب تھامے ، سہمے سہمے، ہر جگہ تماش بین
جیتنے کے شوق میں، جوۓ بازی کا شکار

جشن و موسیقی میں یہ بستی مگن ہے رات دن
خوش رہیں مہماں سبھی، خوش رہیں اہلِ وطن
واعظ و پندار کی نہ جانے ہے جنت کہاں
تیج گر منکر، سہی ، سب کچھ میسر ہے یہاں

اپنا ورثہ

کردیا خونِ وطن ان لیڈروں نے بے خطر
دوستوں میں بیج بویا دشمنی کا بے فکر

کیا یہ سازش تھی کسی فرنگی حکمران کی؟
کیوں بنی حیوانیت، انسانیت انسان کی؟

بانٹ کر ٹکرے ہوا پنجاب اور بنگال جب
اجنبی ہونے لگے ہم سائے بے مثال سب

ہم پنجابی ایک تھے،اپنا ترانہ ایک تھا
حملہ آور خارجی، ان کا نشانہ ایک تھا

انسانی اُلفت کا دیا نانک گرو نے یاں پیام
درد مندوں سے محبت مدتوں تھا اپنا کام

خوش رہو اہلِ وطن، یہ تیج کی ہر دم دعا
سارے پنجابی ایک ہیں،اپنا ورثہ ایک سا

دعائے انساں

دور ہوجائے جہاں سے ساری تاریکی خدا
حق وباطل کی جہد میں تنگ نظری کو مٹا
مفلسی دنیا سے یارب قصّہ ماضی بنے
زندگی انسان کی ہر قدم بہتر بنا
قومیت کے اختلاف مدتوں سے فتنہ گر
نسلِ انساں ایک ہے، اس راز سے کر آشنا
ہیں تکبر، خود پرستی، انسانیت کے راہ زن
انکساری، بردباری، پھر سے بنا دو راہ نما

کینڈین راکیز

حسیں وادیاں، پُر سکوں کو ہسار
ندی بہہ رہی، گنگناتی ہوئی
اچھلتی کودتی، مسکراتی ہوئی
شجر چپکے چپکے سے خاموش ہیں
با ادب یوں کھڑے، جانے سرگوش ہیں
حسیں رُخِ دامن پہ بکھرا ابر
فضا دیر سے اس کی تھی منتظر
سدا رنگ بدلتی ہے یہ سر زمیں
بہار وخزاں ہیں یہاں کے مکیں

فلک تک بلند بے مثل چوٹیاں
ہوں محوِ نظارہ فردوس یاں
ترنم میں مدہوش ہیں آبشار
موسیقی کی تخلیق کے ساز گار
حسیں وادیاں، پُر سکوں کوہسار
اب چُپ تُو بھی ہو اے دلِ بے قرار

بنگلہ دیش

(انقلابی عوام کی دعا)

ہیں جنم تیرے پہ خوش ہم بنگلہ دیش
رحمتِ حق تجھ پہ دائم بنگلہ دیش
غمگساری، بردباری پھر بنے تیرا نشاں
تیری دھرتی سے مٹے غم بنگلہ دیش

شیراز

(ایران میں لکھے گئے)

حافظ و سعدی کے محبوب شہر
راہ تیری سے آج گذرنا ہوگا
حیاتِ انساں ہوئی تھی روشن جس سے
اس پیام سے محفل کو سنورنا ہوگا
ایران کی حکایت دیرینہ سن کر
قوم کو راہِ ترقی پہ چلنا ہوگا
دعوتِ شیراز جو وابستہ ہے نام ترے سے
اس کی مہمان نوازی کا شکر کرنا ہوگا

اصفہاں

نام تیرا تھا کبھی نصفِ جہاں
ایران کی دیرینہ عظمت کا نشاں
کاری گر تیرے سے گئے اس جگہ سے دنیا بھر
سنگ تراشی کے بنے سارے جہاں میں نامور
تاج محل جو شہنشاہ شاجہاں کا خواب تھا
بن کر محنت سے تیری، دنیا میں لاجواب تھا
اصفہاں، بُرتو قرباں
پھر سے بن
ایران کا قومی نشاں

انقلاب

(تہران میں لکھے گئے)

انقلاب ایران میں اس زور سے وارد ہوا
شہنشاہ لاچار ہو اس سر زمیں سے چل دیا
اک نئی جمہوریت کی آرزو ہے ہر طرف
قوم کی آواز ہے نقارۂ خلق و خدا

مِنِسس بے

(لندن میں لکھے گے)

پردۂ شب سے پُرسکوں ہے اب سمندر کی روانی
اور منِسس بے کے افق پہ ایک دل کش شادمانی

حسن و مستی، مے پرستی، کر لے اے دل اپنا شیوہ
فکرِ فردا کی الجھنوں سے بالا تر ہے زندگانی

حورانِ خلد کے ہیں ضامن زاہد و پندار کب سے
بکھری ہر سو ہے یہاں پُر ان کی بے پردہ نشانی

مغربی رقاصی

سنگِ مرمر کے تراشے ہوئے بتوں کی طرح
نیم برہنہ جسم، کاری گری کا ہیں کمال
یہ حسیں چہرے، خدوخال، بلوریں آنکھیں
کار گاہ ہستی میں تیری عنایت کی مثال
جلوہ آرای سے ہے حُسن کی رعنائی دل کش
جرات آموز اداؤں سے ذرا خود کو سنبھال
دھڑکنیں دل کی کریں اور بھی تیز یہ اطوار
شوخیِ محفل رنگیں سے مٹے رنج و ملال
عقل ہے سوچ میں، دل بے پرواہ ہوئے جاتا ہے
بے باکیِ حُسن سے عشق گمراہ ہوئے جاتا ہے

جنرل امین

بن گیا جب حریت کا پاسباں جنرل امین
کیسے ہوتا اس کر تبہ پر ہم کو یقین
ہند کے محنت کشوں کو کر دیا خارج جبھی
مالی حالت ملک کی بد سے بد تر ہوگئی
ظلم اور تشدد بنا جب قوم کی رسم حیات
قتل کرنا بے وجہ ہوگئی معمولی بات
بدقسمتی یوگنڈا تیری خود ہی تھا جنرل امیں

تنہائی

اس جہاں تو اکیلا ہے، کوئی تیرا نہیں
اپنے سمجھیں غیر تو، جانے کچھ میرا نہیں
گردشِ دوراں میں کب تک مدتوں سے تو اسیر
پو پھٹنے کی جھلک ہے خواب ، سویرا نہیں
آس و ناکامی ہیں دونوں زندگی میں اے رقیب
پُر امیدی کا صلہ اب تجھ کا، تیرا نہیں

راہنما

(ماخوذ از گُرو ارجن)

راہ کہ ہو نہ جس میں کوئی آشنا
نامِ حق ہے اُس میں تیرا راہنما
راہ کہ ہوں جس کی منازل بے شمار
نامِ حق اس میں ہے تیرا سازگار
راہ گر تیری ہو تیرہ، پُر غُبار
مشعلِ نور اس میں ہے پُر وردگار
رتبہ تیرا اُس کی صحبت میں بلند
پائے گا تو، اپنی منزل بے گزند

گُرو گوبند سنگھ

تیری بخشش سب پے دائم، اے گُرو گوبند سنگھ
راہِ حق پر ہم ہیں قائم، اے گُرو گوبند سنگھ
اُخوتِ انساں و بے بس خلق کا تو راہنما
تیری درگاہ میں برابر ہر کوئی چھوٹا بڑا
تیری عظمت اس جہاں میں سب سے برتر ہے گُرو
کامرانی تیجؔ کو بھی کر عطا میرے گُرو

بیساکھی

ہو مبارک خالصہ
تیرا ہے یہ روزِ جنم
تیری تاریخِ جوان میں
دن ہے یہ سب سے اہم

خود تیرے ہاتھوں ملا
سکھ قوم کو آبِ حیات
اے گرو گوبند سنگھ
تجھ سے مٹا خوفِ ممات

بے خطر دینے لگے
اپنا لہو، بے ذات پات
پھر شجاعت و جوانمردی
بنی رسمِ جماعت

ہند میں تیرا جنم
تھا اک سماجی انقلاب
مدتوں سے قوم تھی
سوئی پڑی یوں محوِ خواب

راہِ جمہوری پہ تجھ سے
آ گیا دینی نظام
خود گرو چیلا بنا
سب کو ملا ابدی مقام

لاغر و لاچار کی
دنیا میں آئی پھر بہار
نیچے اونچے ،سب برابر
پانے لگے جائے وقار

نام تیرا ساری دنیا
میں ہو روشن خالصہ
ہے گرو بخشش تیری یہ
تیرا محسن خالصہ

علم

روشنائی علم سے ہوتی ہے دنیا میں اگر
علم کی دولت سے مالا مال ہوں سارے بشر
فلسفہ دانوں کی حکمت ، راہبرِ دیں کا پیام
راہنما بن کر تیری زندگی میں ہم سفر
سائنس دانوں کے لئے اسرارِ حق کی جستجو
عاشق و محبوب جیسے دونوں یکساں منتظر
علم سے قوموں نے پایا اپنی محنت سے عروج
علم کی غفلت سے ہیں ناکام سارے فتنہ گر
اس کی نعمت سے ملے وہم و جہالت سے نجات
علم کی قندیل سے کر دو روشن سارے گھر

بہار

موسمِ سرما گیا، پھر سے بہار آ گئی
نئی امنگیں اٹھیں، ہر سو مسرت چھا گئی
الفتِ انسان کی ہے ہر جگہ محفل گرم
خوش گوار ہو کر فضا ماحول کو گرما گئی
روشن ہوا پھر سے چمن ، ہر گل نمایاں ہو گیا
نرگس کی نوری دیکھ کر ہر کلی شرما گئی
خوش نما ہے سبزہ پود وشجر سے سر زمین
جنتِ فردا کہاں، کچھ ایسا رُتبہ پا گئی
حسرتِ اغیار میں کب سے ہوں تیرا منتظر
دعوتِ وصلِ صنم کی وہ گھڑی ہے آ گئی

پیامِ مسیح

انسانیت کی راہنمائی کے لئے آیا مسیح
غلط رستہ روک کر ، راہ دکھلایا صحیح

رحمتِ حق اس پہ ہے جو عاجزی میں انکسار
امنِ انساں کی صلح کاری میں ہو دل سے نثار

پاک اور رحیم بن کر مہرباں گر تو یہاں
رحمتیں تجھ کو میسر حق کی ہوں گی سب وہاں

اپنے دشمن سے نہ بدلہ، بلکہ اس سے کر پیار
غریب گر تو خود کو سمجھے ، تیرا جنت میں شمار

دوسروں سے وہ کر کو جو خود کو چاہو وہ کریں
آپ منصف نہ بنو تو تیرے منصف نہ وہ بنیں

دُکھ اور تکلیف میں کر یا د حق کو اے بشر
ہو کے روشن روشنی تیری بھی چمکے دنیا بھر

تو نے بتلائے ہیں روحانی رازِ زندگی
تیج بھی سجدہ کرے تجھ کو بوقتِ بندگی

مذہبی جنون

مذہبی جنون سے دنیا ہے اب اکتا گئی
چال بے ڈھنگی رہی آخر یہ نوبت آ گئی
نسلِ انساں اس طرح کی قید سے آزاد ہو
تیجؔ کی بن کے تمنا، لب پہ دعا ہے آ گئی

امن

کر بھلا اس میں بھلا تیرا بھی ہوگا اے بشر
وقتِ مشکل مدد کرنا ، گرچہ مشکل، نیک کام
حق کے پیارے دل میں جن کے ہے پیار
اور امن کے مستحق ہیں صبح شام

انساں

مدتوں سے کیوں رہے مذہبی سیاست کے غلام؟
دورِ حاضر ہے اُفق پہ انسانی الفت کا پیام
ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی، باطنی لباس ہیں
پروردگارِ خلق کے سارے عوام و خاص ہیں
حق نے سونپی تیرے ہاتھوں تیرے جوہر کی نمود
تیری جولا نگاہ بلند تراِیں مقامِ ہست و بود
اُٹھ کہ پھر سے ہمتِ مرداں تیری بیدار ہو
حق وباطل کی جہد میں بر سرِ پیکار ہو
انسانیت، روحانیت دور تو بے ذات پات
پھر سے بنا انسان گر تیری ہے ساری کائنات

آکسفورڈ

علم کے سانچے میں ڈھلتی اس جگہ ہے زندگی

پرُ حسیں راہوں پہ چلتی اس جگہ ہے زندگی

حکمتِ انساں یہاں ہے ایک مدت سے مکیں

بن سنور کے پھر سنورتی اس جگہ ہے زندگی

دورِ نو کی پرورش پا کر یہاں

دورِ کہنہ کو بدلتی اس جگہ ہے زندگی

تیری یاد

ہولی، ہولی اس سینے وچ
سلگ رہی سی ہن تک اگ
بن نہ جائے بھا نبڑاج
کیوں آئی اے تیری یاد

ایہہ کی پیار
اہ کھیل نادا ناں
کدے لگانا
کدے مٹانا
الھڑ جوانی نوں سمجھانا

رُسے ماہی نوں

پھر توں منا نا

چھیتی آ ماہی

تینوں جند بے پکار دی

اُٹھدی جوانی ساڈی

ٹھاٹھاں پئی ماردی

آئی تیری یاد اج

ڈُلدے پیار دی

مے خانہ

مے خانے دی ساری خلقت کردی رب دا شُکر سدا
تُوں رازق غم گیں دنیا دا سبھناں دے تُو غم مٹا
ساڈا ساقی میرا دل برا دونوں ہیں تیرے ہی شاکر
مست نگاہاں نرم کالجے اہناں دا کجھ ہو رنشا

مُلا تے برہمن

مُلا، برہمن، کون سیانا
دوناں وِچ تکرار اے ساقی
دنیا بھر نوں پئے لڑاون
نفرت دا پرچار اے ساقی
زاہد کر دا پھرے نصیحتاں
اندروں خود مے خوار اے ساقی
رب دا فرماں پیار ودھانا
حق بڑی تلوار اے ساقی

ویراں دی دھرتی

ایہہ دھرتی دیش پنجاب دی
ویراں دی دھرتی
اس دھرتی تے رُجے گئی یدُھ
شیراں دی دھرتی
نانک نے ایتھے آ کے
ست نام جپایا
مذہب داناں پیار ہے
سب نوں سمجھایا
ایشور، اللہ اکو نے
اوناں توں دے

رام، رحیم، پران، قران

مت، بھید، اکٹھے

ظالم دی جڑھ پٹن لئی

گورو گوبند آیا

سارا پوری آپنا

قربان کرایا

بندے نے نڈر بہادری

اتھے وکھلائی

دیگ تیغ فتح بے

ایہہ گونج اُٹھائی

نادر شاہ ایران توں

لٹ مار توں آیا

سب پنجابی واسیاں تے

دُکھ بہتا پایا

احمد شاہ ابدالی نے

کئی حملے کیتے
گھلوگھارے وی کئی تھاں
سنگھاں تے بیتے
منوں دی حاکم داتری
اتھے سی چلی
سکھاں دی کٹو کاٹ نال
ایہہ قوم سی پھلی
قتل عام تے لٹ مار
اتھے سی ہوئی
کھادا پیندا لاہے دا
ساڈی بولی ہوی
وارث شاہ وی ایس تھاں
گاے ہیر تے رانجھا
پنجابی ورثہ آپنا
سبھناں دا سانجھا

سوہنا دیش پنجاب ہے
ایہہ دی شان ودھایا اے
پنجابی کلچر تھاں تھاں
جگ وچ چمکایا اے

پنجابی کلچر

اہہ لوکی دیس پنجاب دے
ایہہ نمتی بندے
سبھناں نوں سمجھن اک جیہا
چنگے ہنرمندے
ان داتا بن کے ہندا
ایہہ ناج اُگاون
ہردے وچ جو دھیا نیدے
اوہی پھل پاون
مذہب دا مقصد سمجھندے
کہ پیار سکھاوے
نانک گورو پنجابیا نوں

راہ دکھلاوے

کرت کرو اس جگ وچ

تے ونڈ کے چھکو

سبھناں دا مالک اک ہے

اس داناں جپو

دھرتی دی ساڈی اک ہے

سانجھا جگ سارا

لوکاں دی سیوا جو کرے

اوہ سب توں پیارا

اتھے سی گورو گوبند سنگھ

مہاں ویر پنجابی

اوہدی قربانی دیکھ کے

ساڈی ویرتا جاگی

چھوٹے شہزادے اس تھاں

نیہاں چنوائے

انسانی حق دے یدھ لئی

کئی سیس کٹائے

سنت سپاہی سج گئی

مظلومی ٹولی

گورکھی بنی پنجاب وچ

گوروآں دی وبولی

کلچر پنجابی قوم دا

ایہہ مان ودھایئے

ویر، درود ھ، اگیانتا

سب دور ہٹایئے

ساڈا کلچر ایکتا

دا مُول ہے سارا

سب پنجابی اک ہیں

ایہہ گجے نعرا

شہر نرالا

لاس ویگس اک شہر نرالا
ہر تھاں رونق جتھے
گلی، گھر، بازار، دکاناں
سب ہیں روشن اتھے
خوشی، خوشی چلن ٹیاران
بے فکرا ہر کوی
ہر تھاں ڈالردیاں جھنکاراں
بن دھن جُوانہ ہوی
دنیا دے ساری کھڈاری
اس تھاں آوندے جاندے

دل دیاں آساں تے مُراداں
کجھ کھوندے، کجھ پاندے
زندگی وی اک جُوا جئی
آ کجھ کھیل رچایئے
سوچ سمجھ دی گلاں چھڈ کے
جھجھک، رکاوٹ دی حد لنگ کے
دل دی گل پر کھایئے
پیاردی چنگیاڑی بھڑکا کے
محفل نوں گر مایئے
دِلی محبت دے چانن دی
جیون جوت جگایئے

نواں سال مبارک

نواں سال مبارک مترو، نواں سال مبارک
اج دا سال گیا ہُن پیچھے ، نواں سال ہے آیا
نوے سال دِیاں نویاں آساں، اپنے نال لے آیا

نئ اُمنگاں دِل وِچ اُٹھیاں محفل گرم دی ہوئی
نوے سال دے نویں ارادے، کر رہیا ہر کوئی

آؤ اج مانکھتا خاطر، رل مِل وچن اُٹھایئے
نسل قوم ز ذہب دے جھگڑے، آوندے سال مٹایئے

دور غریبی ہووے جگ توں، ایسا یتن کرایئے
اوچ نیچ دے مٹن تفرق، سب تھاں اِک ہو جایئے،

خواب سنہری بُنے چڑاں دے، پورے کر دکھلایئے
اسیں پنجابی ، اپنا وِرثہ ، دنیا وِچ چمکایئے

کئی چڑاں توں وِچھڑے ساتھی، پھر توں گلے ملایئے
تیج تے عزت ہور ودہانا، سب نوں پھر سکھلایئے